[redacted]
RGD.L.NO. 5204. رسالہ محدث دہلی [illegible]

روح اخبار

—— روس کی ایک سرکاری رپورٹ سے معلوم ہوا ہے کہ گذشتہ ماہ صرف ماسکو کے اندر خودکشی کی ۲۷۴ وارداتیں ہوئیں جن میں ۴۰ فیصدی ۱۶- اور ۲۵ سال کی عمر کے نوجوان تھے۔

—— حکومت بہار نے ایک اعلان شائع کیا ہے کہ وزراء کے فیصلہ کیمطابق وہاں کی عدالتی زبان اردو ہوگی۔ اس سے قبل کیتھی تھی۔

—— پچھلے دنوں برطانیہ کے وزیر اعظم مسٹر بالڈون وزارت سے مستعفی ہوگئے اور آپ کی جگہ مسٹر چمبرلین کو مقرر کیا گیا۔

—— بحرین میں تیل کے متعدد چشمے برآمد ہوئے ہیں ان کے متعلق مزید تحقیقات کیلئے سات انجنیر مصروف کار ہیں۔

—— مصر کے آثار قدیمہ کی تلاش میں باہر سے آئی ہوئی ٹیم ابو غالب کے مقام پر اب سے چار ہزار سال قبل کے ایک شہر کے آثار تلاش کر لئے ہیں جن میں طرح طرح کے متعدد مکانات اور ان کے عجیب و غریب قدیمی سامان بھی ہیں ابھی اس سے المضاعف سامان کی برآمدگی کی توقع کی جارہی ہے۔

—— رائل کمیشن کی رپورٹ کی بناپر حکومت برطانیہ فلسطین کو یہودیوں اور عربوں کے مابین دو حصوں میں تقسیم کرنیوالی ہے سنا ہے کہ سلطان ابن سعود اس تجویز کے سخت مخالف ہیں وہ نہیں چاہتے کہ فلسطین کو تقسیم کرکے عربی وحدت کے ٹکڑے کر دیئے جائیں۔

—— دہلی الکٹرک سپلائی کمپنی کے ڈائرکٹروں نے فیصلہ کیا ہے کہ اگر ممکن ہو سکا تو دہلی کی ٹراموے بند کردی جائینگی کیونکہ وہاں کی سڑکوں کے تنگ ہونے سے بہت دقت ہوتی ہے۔

—— وزیر ہند اور وائسرائے کے درمیان مسئلہ وزارت پر اختلاف رائے ہونے کی وجہ سے وائسرائے استعفیٰ داخل کرنے پر غور کر رہے ہیں۔

—— مصر جو پچھلے دنوں آزادی حاصل کر چکا ہے اب باقاعدہ جمعیتہ اقوام کا ممبر بھی بن گیا ہے۔

—— جرمنی کے ایک ڈاکٹر نے فلسطین کی شمالی جانب دوسری صدی ہجری کی ایک مسجد دریافت کی ہے جس میں پچی کاری کے حیرت زا نقوش ہیں اور جو عہد اموی کی قدیمی یادگار معلوم ہوتی ہے۔

—— آئندہ سال دربار دہلی میں شرکت کے لئے ملک معظم کی جگہ ڈیوک آف گلوسسٹر تشریف لائیں گے۔

—— عربی اخبار کی ایک اطلاع ہے کہ حکومت برطانیہ نے مالٹا میں عنقریب ایک زبردست ریڈیو اسٹیشن قائم کرنے کی اسکیم منظور کی ہے یہ اسٹیشن عربی ممالک کیلئے مخصوص ہوگا اور اس کے ذریعہ عربی زبان میں زبردست پروپیگنڈا کیا جائے گا۔

—— انگورہ کی پارلیمان میں درہ دانیال کے مزید استحکامات کیلئے ساٹھ لاکھ پونڈ کی رقم منظور کی گئی جو ترکی بحری فوج کی جدید ترین وضع کی کلدار توپوں سے مسلح کرنے اور نئے دستے بھرتی کرنے اور انہیں بحری فوجی تعلیم دینے پر خرچ کی جائیگی۔

(ادریس آزاد املوی)

جناب شیخ عطاء الرحمٰن صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دارالحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا